# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ:1 | جماعت: پنجم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:4 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:1 | سبق کا نام: صحت مند ماحول، صحت مند زندگی | |

**مقاصد:** متن درست تلفظ اور روانی سے پڑھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، بورڈ، کتاب "اُردو پنجم" گتے کا ڈبا، جس پر رنگ دار کاغذ چڑھا کر لکھا ہو "لفظی جیب"، الفاظ کے کارڈ

**تحریکی سرگرمی:** (10 منٹ)

- کمرہ جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے اس کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔ بچوں سے گزشتہ روز کے کام کے بارے میں دریافت کریں۔ بچوں کو بتائیں کہ آج ہم ایک دل چسپ سرگرمی کے ذریعے سے اپنے کام کا آغاز کریں گے۔
- ایک ٹوکری میں صفائی سے متعلق تصاویر ڈال دیں۔ مختلف بچوں کو باری باری بلائیں۔ انھیں ٹوکری میں سے آنکھیں بند کر کے کوئی تصویر نکالنے اور پھر دیکھ کر اس تصویر کا نام بتانے اور اس کے بارے میں دو جملے بولنے کے لیے کہیں۔ درست جواب پر حوصلہ افزائی اور غلطی کی صورت میں کسی دوسرے بچے کو بتانے کا موقع دیں۔
- سرگرمی کے اختتام پر بچوں کو شاباش دیں۔

**تدریسی طریقہ کار:** (20 منٹ)

- بچوں سے سوال پوچھیں۔ جیسے:
- آپ گھر اور اسکول میں اپنے ارد گرد صفائی کا خیال کیسے رکھتے ہیں؟ بچوں کے جوابات لیں۔
- سبق کے آغاز سے پہلے ایک سرگرمی کریں۔ کسی خالی ڈبے پر رنگ دار کاغذ لپیٹ کر ایک ڈبا تیار کریں۔ اس پر لکھ دیں "لفظی جیب"۔
- سبق میں دیے گئے چند مشکل الفاظ کے کارڈ تیار کر لیں، جہاں ضروری ہو اعراب کا خاص خیال رکھیں اور وہ پرچیاں اس ڈبے میں ڈال دیں۔
- بچوں کی مختلف جوڑیاں بنا کر لفظی جیب باری باری ان کے سامنے کریں۔
- بچوں سے کہیں کہ وہ اس میں سے ایک ایک کارڈ اٹھا لیں۔ بچوں سے کہیں کہ وہ کارڈ کھولیں اور ان پر لکھے ہوئے الفاظ درست تلفظ کے ساتھ پڑھیں۔ جو بچہ درست تلفظ کے ساتھ لفظ پڑھے، اس کے لیے تالیاں بجوائیں۔ بعد ازاں وہ الفاظ بورڈ پر لکھ کر بآواز بلند پڑھائیں۔ اس کے بعد بچوں سے کارڈ لے کر لفظی جیب میں ڈال کر اسے دیوار پر چسپاں کر کے لفظی دیوار بنا دیں۔
- سبق کو چار برابر حصوں میں تقسیم کریں۔ بچوں کے چار گروہ بنا دیں اور انھیں متعلقہ پیراگراف یا جملے تفویض کر دیں۔

| |
|---|
| • اب بچوں سے باری باری تفویض کردہ پیرا گراف کی باآواز بلند خواندگی کرائیں۔ اس دوران میں خیال رکھیں کہ بچے درست تلفظ سے پڑھیں۔ جہاں بچوں کو کوئی لفظ پڑھنے میں دقّت پیش آرہی ہوگی تو اس کی اساتذہ رہنمائی کریں گے۔<br>• علاوہ ازیں پڑھنے کے دوران میں جن الفاظ کا بچے تلفظ غلط ادا کریں، وہ بورڈ پر لکھتے جائیں اور جب بچہ پیرا گراف یا متعلقہ جملوں کی خواندگی مکمل کرلے تو اس کی اصلاح کریں۔ دورانِ پڑھائی کی جانے والی غلطیوں پر بچوں کو ٹوکا نہ جائے۔ اس سے بچے اپنی خود اعتمادی کھو دیتے ہیں اور جماعت کی سرگرمیوں میں حصہ لینے میں جھجک محسوس کرتے ہیں۔ |
| **اعادہ:**(3منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کروائیں اور غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔ |
| **جائزہ:**(5منٹ) پڑھائے گئے سبق کے مختلف حصوں کی مختلف بچوں سے پڑھائی کروائیں۔ غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔ |
| **گھر کا کام:**(2منٹ) بچوں سے کہیں کہ پڑھایا گیا سبق دہرا کر آئیں۔ |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ:1 | جماعت: پنجم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:4 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:2 | سبق کا نام: صحت مند ماحول، صحت مند زندگی | |

**مقاصد:** الفاظ کے معانی لکھ سکیں۔

سوالات کے جوابات لکھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** تختۂ تحریر، بورڈ مارکر / چاک، کتاب "اردو پنجم"، چارٹ کی بنی ہوئی مچھلیاں، آئس کریم اسٹکس

## تحریکی سرگرمی: (10منٹ)

- کمرہ جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔ بچوں سے گذشتہ روز کے کام کے بارے میں دریافت کریں۔
- سبق میں سے کوئی سے چار مشکل الفاظ چن کر چارٹ کی بنی ہوئی مچھلیوں پر لکھیں اور انھیں ایک ٹوکری میں ڈال لیں۔
- بچوں کے دو گروہ بنا دیں۔ ایک گروہ میں سے کسی بچے کو بلائیں اور اسے آنکھیں بند کر کے ٹوکری میں سے ایک مچھلی اٹھانے اور اُس پر لکھا ہوا لفظ درست تلفظ کے ساتھ پڑھنے کے لیے کہیں۔
- جب وہ بچہ لفظ کا درست تلفظ ادا کرے تو **"جواب بتاؤ، انعام پاؤ"** کی تکنیک استعمال کریں۔ اس تکنیک میں مچھلی اُٹھانے والے بچے سے اس لفظ کا جملہ بنانے کے لیے کہیں۔ اگر وہ اس لفظ کا جملہ نہ بنا پائے تو جماعت میں سے کسی اور بچے کا نام لے کر اسے جملہ بنانے کے لیے کہیں۔ یہ تکنیک محض تدریس کو دل چسپ بنانے کے لیے ہے۔ سرگرمی کے اختتام پر بچوں کو شاباش دیں۔

## تدریسی طریقہ کار: (20منٹ)

- بچوں کو بتائیں کہ آج ہم کچھ نئے الفاظ اور ان کے معانی سیکھیں گے۔
- اب بورڈ پر تین کالم بنائیں۔ ایک کالم میں "الفاظ"، دوسرے میں "معانی" اور تیسرے میں "جملے" کی سرخی لکھیں۔ اب الفاظ والے کالم میں کتاب کے صفحہ نمبر 58 پر دیے ہوئے الفاظ میں سے ایک لفظ "مدعو" لکھیں اور بچوں سے اس کا درست تلفظ پوچھیں۔ اسی طرح یہ مشق نئے الفاظ کے تحت دیے گئے باقی الفاظ پر کروائیں۔ ساتھ ساتھ بچوں سے ان کا تلفظ پوچھیں، نہ آنے کی صورت میں ان کی اصلاح کریں۔ اب کوئی لفظ بولیں اور بچوں سے پوچھیں کہ کس بچے کو اس لفظ کا مطلب معلوم ہے کیونکہ بچے ان الفاظ کے معنی کر چکے ہیں۔؟ جو بچہ بتائے، اس کے لیے تالیاں بجوا کر حوصلہ افزائی کریں اور معانی والے کالم میں اس لفظ کے سامنے اس کا معانی لکھ دیں۔

- اب بچوں سے اس لفظ کا جملہ بھی بتانے کے لیے کہیں۔ جو بچہ پہلے ہاتھ بلند کرے اسے بتانے کا موقع دیں۔ درست جملہ بتانے پر حوصلہ افزائی کریں اور غلط بتانے کی صورت میں کسی دوسرے گروہ کو بتانے کا موقع دیں۔ اس کے بعد درست جملہ بورڈ پر جملے والے کالم میں لکھیں اور بچوں سے پڑھوائیں۔ اس طرح یہ سرگرمی باقی الفاظ پر کروائیں۔
- اب بچوں کے 8 گروہ بنادیں۔ 8 آئس کریم اسٹکیں لیں جن پر ایک طرف کتاب کے صفحہ نمبر 57 پر دیے گئے الفاظ لکھے ہوں۔ ایک اسٹک پر ایک لفظ لکھا ہو۔ یہ اسٹکیں ایک ٹوکری میں رکھ کر باری باری ہر گروہ یا جوڑی کے سامنے لے جائیں اور انھیں اس میں سے کوئی سی بھی اسٹک اٹھانے کے لیے کہیں۔
- بچوں سے کہیں کہ ان کے پاس جو اسٹک آئی ہے، اس پر لکھا ہوا لفظ پڑھیں اور اس کے سامنے اس کا معانی لکھیں۔ اس کے بعد آئس کریم اسٹک کی دوسری جانب اس لفظ پر مبنی ایک جملہ لکھیں۔ اس کے لیے انھیں مخصوص وقت دیں۔
- مقررہ وقت کے بعد ہر گروہ یا جوڑی سے باری باری ان کے لکھے ہوئے معانی اور جملے پڑھ کر سنانے کے لیے کہیں۔ جس گروہ نے درست معانی اور جملے لکھے ہوں گے، انھیں شاباش دیں۔
- اس سرگرمی کے لیے ایک چوکور ڈبّا جماعت میں آنے سے پہلے تیار کرلیں۔ ڈبے کی چاروں اطراف میں رنگ برنگ کاغذ چڑھالیں۔
- ڈبے کی اطراف میں کاغذ کی چھوٹی چھوٹی جیبیں بھی بنادیں۔
- مشق کے پانچ سوالات کی پرچیاں بنائیں اور وہ ان جیبوں میں ڈال دیں مگر جیبوں میں ڈالنے سے پہلے پرچیوں کو بند ضرور کردیں۔
- بچوں کے پانچ گروہ بنادیں۔ کسی ایک گروہ کے بچے کو بُلائیں اور اسے ڈبّا ایسے گھما کر زمین پر لڑھکانے کو کہیں جیسے لڈو کا دانہ پھینکا جاتا ہے۔ پھینکے جانے پر ڈبّے کی جو جیب اُوپر کی جانب آئے اُس کی جیب سے پرچی نکالیں اور بچے سے اُس پر لکھے ہوئے سوال کا جواب پوچھیں۔
- درست جواب پر حوصلہ افزائی اور غلط جواب پر دوسرے گروہ کے بچے کو بتانے کا موقع دیں۔ اس طرح یہ سرگرمی باقی گروہ کے بچوں سے بھی کروائیں۔ جو گروہ زیادہ سوالات کے درست جوابات دے گا، وہ جیت جائے گا۔

**اعادہ:**(3منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کروائیں اور غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔

**جائزہ:**(5منٹ) اب بورڈ پر تین کالم بنائیں۔ ایک کالم میں "الفاظ"، دوسرے میں "معانی" اور تیسرے میں "جملے" کی سرخی لکھیں۔ الفاظ والے کالم میں خاص الفاظ کے تحت دیے گئے لکھ دیں۔ مختلف بچوں کو بلا کر ان سے الفاظ کے معانی اور جملے لکھوائیں۔

**گھر کا کام:**(2منٹ) بچوں سے کہیں کہ نئے الفاظ کے تحت دیے ہوئے الفاظ کاپیوں پر لکھیں اور انھیں جملوں میں استعمال کریں۔

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ:1 | جماعت: پنجم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:4 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:3 | سبق کا نام: صحت مند ماحول، صحت مند زندگی | |
| **مقاصد:** درست جواب کے گرد دائرہ لگا سکیں۔<br>غلط درست فقرات کی نشان دہی کر سکیں۔ | | |
| **تدریسی معاونات:** تختۂ تحریر، بورڈ مار کر / چاک، کتاب "اردو پنجم"، گھنٹی، جملوں پر مبنی پرچیاں | | |

**تحریکی سرگرمی:** (10 منٹ)

- کمرہ جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں۔ بچوں کو السّلام علیکم کہیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔ گزشتہ روز کے کام کے بارے میں دریافت کریں۔
- بچوں کے تین گروہ بنا دیں اور ہر گروہ میں سے ایک ایک بچے کو بلا کر انھیں ایک دائرے میں کھڑا کر دیں۔
- اب دائرے میں کھڑے ایک بچے کو گیند دیں۔ خود گھنٹی بجانا شروع کریں اور اس بچے سے کہیں کہ وہ گیند اگلے بچے کو دے دے۔ اس طرح سے بچے گیند ایک دوسرے کو دیتے جائیں۔ اچانک گھنٹی بجانا بند کر دیں۔ اس وقت گیند جس بچے کے ہاتھ میں ہو گی، اس بچے سے سبق کے سوال نمبر 1 کے تحت دیے ہوئے سوالات میں سے متعلق کوئی سوال پوچھیں۔ بچہ اس سوال کا جواب دے گا۔
- درست جواب پر اس گروہ کو دو نمبر مل جائیں گے اور غلط جواب پر کسی دوسرے گروہ کے بچے کو جواب بتانے کا موقع دیا جائے گا۔ اس طرح سے یہ سرگرمی کوئی سے تین سوالات پر مزید کروائیں۔ آخر میں جس گروہ کے نمبر زیادہ ہوں گے، وہ جیت جائے گا۔

**تدریسی طریقہ کار:** (20 منٹ)

- بچوں سے کہیں کہ آج ہم پڑھائے گئے سبق سے متعلق درست جوابات کی شناخت کرنے کی سرگرمی کریں گے۔
- سوال 3 کے تحت دیے ہوئے جملوں کی پرچیاں بنائیں۔ پانچ کارڈ لیں، جن پر دو ممکنہ جوابات لکھے ہوں، جن میں سے تین غیر متعلقہ اور ایک جواب درست ہو۔ ایک جملے کے دو کارڈ اس حساب سے کل 10 کارڈ بنائیں۔ یہ کارڈ اور جملوں کی پرچیاں پلاسٹک کی تھیلیوں میں اس طرح سے ڈال دیں کہ ایک تھیلی میں ایک جملے اور اس سے متعلقہ ممکنہ جوابات کے کارڈ ہوں۔
- بچوں کو پانچ گروہوں میں تقسیم کریں اور انھیں یہ پلاسٹک کی تھیلیاں دے دیں۔ بچوں سے کہیں کہ وہ تھیلیاں کھول کر ان میں سے جملوں کی پرچیاں اور ممکنہ جوابات کے کارڈ نکالیں۔ پھر سبق کے مطابق درست جواب کی نشان دہی دائرہ لگا کر کریں۔ ہر گروہ کو مخصوص وقت دیں۔ اس دوران میں بورڈ پر کتاب کے صفحہ نمبر 15 پر موجود سوال 3 کے تحت دیے ہوئے جملے اور ان کے ممکنہ جوابات لکھ دیں۔

| |
|---|
| • مقررہ وقت کے بعد کوئی جملہ بولیں۔ جس گروہ کے پاس اس جملے پر مبنی پرچی آئی ہو گی، اس کا لیڈر آ کر بورڈ پر اس جملے کو تلاش کرے گا اور درست جواب کے گرد دائرہ لگائے گا۔ ساتھ ساتھ بچوں سے اس کی خواندگی بھی کرواتے جائیں۔ درست جواب پر حوصلہ افزائی کریں اور غلط جواب پر کسی دوسرے گروہ کو بتانے کا موقع دیں۔ اس طرح سے یہ سرگرمی باقی جملوں پر دوسرے گروہوں کے لیڈروں سے بھی کروائیں۔<br>• اب بچوں سے کہیں کہ وہ کتاب پر دیا ہوا سوال نمبر 3 حل کریں۔ اس دوران میں ان کی رہنمائی کریں۔ |
| **اعادہ:** (3منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کرائیں اور اصلاح کریں۔ |
| **جائزہ:** (5منٹ) اب بورڈ پر سوال 3 کے تحت دیے ہوئے جملے اور ان کے ممکنہ جوابات لکھ دیں۔ مختلف بچوں کو بلا کر ان سے درست جواب کے گرد دائرہ لگوائیں۔ غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔ |
| **گھر کا کام:** (2منٹ) جماعت میں کروایا گیا کام دہرا کر آئیں۔ |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ:1 | جماعت: پنجم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:4 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:4 | سبق کا نام: صحت مند ماحول، صحت مند زندگی | |

**مقاصد:** سبق کے اہم نکات لکھ سکیں۔

اکاسی سے سو تک گنتی اردو ہندسوں اور لفظوں میں لکھ سکیں۔

مترادف اور متضاد الفاظ میں فرق کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:** تختۂ تحریر، بورڈ مارکر / چاک، تختہ تحریر، کتاب "اردو پنجم"، گھنٹی، الفاظ بادل اور دھنک پر مبنی پرچیاں

**تحریکی سرگرمی:** (10منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- بچوں کے مختلف گروہ بنا دیں اور ہر گروہ میں سے دو دو بچوں کو بلا لیں۔ اب بچوں کے ساتھ میوزیکل چیئر والی گیم کھیلیں۔
- جماعت میں ایک طرف چند کرسیاں دائرے میں رکھ دیں اور بچوں کو ان کے پاس کھڑا ہونے کی ہدایت دیں۔ بچوں کی نسبت ایک کرسی کم ہو۔
- اب گھنٹی بجانا شروع کریں اور بچوں کو کرسیوں کے ارد گرد گھومنے کے لیے کہیں۔ اچانک گھنٹی بجانا بند کر دیں۔
- آواز بند ہوتے ہی بچے تیزی سے کرسیوں پر بیٹھیں گے۔ جو بچہ کھڑا رہ جائے، اس سے سبق سے متعلق کسی سوال کا جواب پوچھیں۔ درست جواب پر حوصلہ افزائی کریں اور غلطی کی صورت میں اس بچے کے گروہ کے کسی اور بچے کو بتانے کا موقع دیں۔
- اس کے ساتھ ہی پھر ایک کرسی کم کر دیں اور کھیل دوبارہ شروع کریں۔ اس طرح سے یہ سرگرمی اس وقت تک کریں، جب تک آخر میں ایک کرسی اور ایک بچہ نہ رہ جائے۔ جیتنے والے بچے کے گروہ کو کوئی انعام دیں۔

**تدریسی طریقہ کار:** (20منٹ)

- اب جماعت کو دو گروہوں میں تقسیم کر دیں اور ہر گروہ کو ایک مخصوص نام دیں۔ اس مقصد کے پیشِ نظر بچوں کی تعداد کے مطابق الفاظ بادل اور دھنک پر مبنی پرچیاں بنائیں اور بند کر کے ایک ٹوکری میں ڈال دیں۔
- باری باری جماعت کے تمام بچوں کو ایک ایک پرچی اُٹھانے کے لیے کہیں۔ جس بچے کے ہاتھ میں جو پرچی آئے اور اس پر جو لفظ لکھا ہو، وہ اس گروہ کا رکن بنتا جائے گا۔
- بچوں کو متعلقہ گروہوں میں ایک ساتھ بٹھا دیں۔ بچوں کو ایک بار سبق "صحت مند ماحول، صحت مند زندگی" کا مطالعہ کرنے کے لیے کہیں۔

- اب بچوں سے کہیں کہ آپ انھیں سبق "صحت مند ماحول، صحت مند زندگی" سنائیں گے / گی۔ انھوں نے سبق "غور سے سننا ہے اور پھر اس کے اہم نکات سنانے ہیں۔
- بچوں کو سبق "صحت مند ماحول، صحت مند زندگی" سنائیں۔
- بچوں سے کہیں کہ سبق "صحت مند ماحول، صحت مند زندگی" سننے کے بعد ان کے ذہن میں جو جو اہم نکات آئے ہیں، انھیں اپنے ساتھ والی نشست پر بیٹھے ہوئے ساتھی کو بتائیں اور اس کے اہم نکات بھی اس سے سنیں۔
- اب جوڑیوں کی صورت میں بچے اپنے اپنے اہم نکات جماعت کے ساتھیوں کو سنائیں۔ اس دوران میں استاد بچوں کے بتائے ہوئے اہم نکات کو بورڈ پر نوٹ کرتے جائیں۔ سرگرمی کے اختتام پر بچوں کو شاباش دیں۔
- اب بورڈ پر تین کالم بنا کر ایک میں ہندسے، دوسرے میں اردو ہندسے اور تیسرے میں لفظی گنتی کی سرخی لکھ دیں۔
- اب ہندسوں والے کالم میں ہندسہ "۸۱" لکھیں۔ بچوں سے پوچھیں کہ اس ہندسے کو اردو ہندسے اور لفظوں میں کیسے لکھیں گے۔ بچوں کے جوابات لیں۔ اب اس کے سامنے اردو ہندسوں میں "" اور لفظی گنتی والے خانے میں لفظ "اکاسی لکھیں۔ بچوں سے ان کی بلند خوانی کروائیں۔ اس طرح سے یہ سرگرمی اکاسی تا سو باقی گنتی پر کروائیں۔

| لفظی گنتی | اردو ہندسے | ہندسے |
|---|---|---|
| اکاسی | ۸۱ | 81 |
| بیاسی | ۸۲ | 82 |
| تراسی | ۸۳ | 83 |
| چوراسی | ۸۴ | 84 |
| پچاسی | ۸۵ | 85 |

- ایک ٹوکری میں 81 تا100 ہندسی گنتی کی پرچیاں ڈال دیں۔ جماعت میں سے باری باری مختلف بچوں کو بلا کر ان سے ٹوکری میں سے پرچیاں اٹھانے اور اپنی سیٹوں پر واپس جانے کے لیے کہیں۔ اب بچوں سے کہیں کہ وہ پرچیاں کھول کر ان پر لکھے ہوئے ہندسے پڑھیں اور ان کی لفظی گنتی سوچیں۔ اس کے لیے انھیں چند سیکنڈ کا وقت دیں۔
- مقررہ وقت کے بعد کسی ایک بچے کو بلائیں۔ اس کی آنکھوں پر پٹی باندھ دیں اور اس کا ہاتھ پکڑ کر جماعت کے درمیان میں کسی جگہ کھڑا کر دیں۔ اسے کہیں کہ اس کے پاس جو ہندسہ آیا ہے۔ وہ جماعت کے بچوں کو بتائے اور پھر آہستہ آہستہ چلتا ہوا جائے اور جماعت کے کسی بھی بچے کو چھوئے۔ وہ جس بچے کو چھوئے گا، وہ بچہ جلدی سے اٹھ کر جائے گا اور بورڈ پر وہ ہندسہ عددی اور لفظی گنتی میں لکھے گا۔ اس طرح یہ سرگرمی باقی بچوں سے بھی کروائیں۔ جن بچوں نے درست طور پر یہ سرگرمی کی ہوگی، تالیاں بجوا کر ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

سوال نمبر 8 کی سرگرمی کے لیے سوال اور ان کے ممکنہ جوابات بورڈ پر لکھیں۔ اور بچوں سے متضاد اور مترادف الفاظ کی نشان دہی کروائیں۔

| |
|---|
| **اعادہ:** (3 منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کروائیں اور غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔ |
| **جائزہ:** (5 منٹ) ایک ٹوکری میں اکاسی تا سو لفظی گنتی کی پرچیاں ڈال دیں۔ جماعت میں سے باری باری مختلف بچوں کو بلا کر ان سے ٹوکری میں سے پرچیاں اٹھانے کے لیے کہیں۔ جو پرچیاں ان کے پاس آئیں گی، ان بچوں سے ان کی ہندسی گنتی لکھوائیں۔ غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔ |
| **گھر کا کام:** (2 منٹ) سوال نمبر 8 گھر سے حل کریں۔ |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ:1 | جماعت: پنجم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:4 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:5 | سبق کا نام: صحت مند ماحول، صحت مند زندگی | |

**مقاصد:** حروفِ جار اور حروفِ عطف کو جملوں میں استعمال کر سکیں۔
درست حروف جار لکھ کر جملے کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:** تختۂ تحریر، بورڈ مارکر / چاک، کتاب "اردو پنجم "، ، گیند، ورک شیٹ، مختلف حروف جار کی پرچیاں، سوال نمبر 5 میں دیے ہوئے نامکمل جملوں پر مشتمل کاغذ کی مختلف رنگوں کی پرچیاں

**تحریکی سرگرمی:** (10منٹ)

- جماعت میں داخل ہوتے ہی بچوں کو السلام علیکم کہیں اور اُن کا حال دریافت کریں۔
- ایک ٹوکری لیں۔ اس میں مختلف حروف جار کی پرچیاں بنا کر بند کر کے ڈال لیں۔
- جماعت کے تین گروہ بنالیں اور ان کا ایک ایک لیڈر بھی بنادیں۔ ہر گروہ کے لیڈر کو ہدایت دیں کہ وہ اس ٹوکری میں سے کوئی سی دو پرچیاں نکال لیں، ان پر لکھے ہوئے حروف پڑھیں اور ان حروف کی مدد سے ایک ایک جملہ بنائیں۔
- اس کام کے لیے بچوں کو کچھ وقت دیں۔ مقررہ وقت کے بعد تمام گروہوں کے لیڈروں کو بلائیں اور انھیں اپنے بنائے ہوئے جملے بتانے کے لیے کہیں۔ درست جملے بتانے والے گروہ کے لیے تالیاں بجوائیں۔

**تدریسی طریقہ کار:**(20منٹ)

- اب بچوں سے پوچھیں کہ حروف جار کون سے ہوتے ہیں؟ بچوں کے جوابات لیں۔ بچے پچھلی جماعت میں حروف جار کر چکے ہیں۔ غلطی کی صورت میں دہرا دیں۔ بچوں کو بتائیں کہ ایسے حروف ہیں جو ایک لفظ کا دوسرے لفظ سے تعلق قائم کرتے ہیں، انھیں "حروف جار" کہتے ہیں۔ "نیچے، آگے، پیچھے، اوپر، تک، سے، میں، کو، باہر "وغیرہ حروف جار ہیں۔
- اب بورڈ مختلف جملے لکھیں:

☆ ناصرہ نے پانی پیا۔

☆ عابدہ شہر میں رہتی ہے۔

- جملے پڑھیں۔ بچوں کو بتائیں کہ ان جملوں میں نمایاں کیے گئے حروف "حروف جار "ہیں۔ مختلف مثالوں کے ذریعے سے ان کی وضاحت کریں۔

- اب بورڈ پر کالم بنا کر اس میں سوال نمبر 9 کے تحت دیے ہوئے جملے لکھ دیں۔ بچوں سے جملے پڑھوائیں۔ اب پہلا جملہ بولیں اور بچوں سے درست حروفِ جار پر دائرہ لگوائیں۔
- بچوں کو بتائیں کہ ایسے حروف جو دو یا دو سے زیادہ لفظوں یا جملوں کو ملانے کا کام دیتے ہیں، "حروف عطف" کہلاتے ہیں۔ بچوں کو بتائیں کہ فارسی الفاظ وتراکیب کے ساتھ حروف عطف "و" کا استعمال کیا جاتا ہے اور باقی کے ساتھ "اور" کا استعمال کیا جاتا ہے۔ مختلف مثالوں کے ذریعے سے ان کی وضاحت کریں۔
- سوال نمبر 10 کے تحت دیئے گئے جملے لکھیں اور بچوں سے درست حروفِ عطف کے گرد دائرہ لگوائیں۔

**اعادہ:** (3 منٹ) بچوں سے حروف جار کی تعریف سنیں اور اس کی مختلف مثالیں پوچھیں۔

**جائزہ:** (5 منٹ) مختلف بچوں کو بلا کر انھیں دائرہ میں کھڑا کر دیں۔ ایک گیند پر سوال نمبر 9 میں دیے ہوئے حروف جار کی پرچیاں اس طرح سے لگا دیں کہ ان پر لکھے ہوئے حروف نظر نہ آئیں۔ گھنٹی بجانا شروع کریں اور بچوں کو گیند ایک دوسرے کو دینے کے لیے کہیں۔ اچانک گھنٹی بجانا بند کر دیں۔ جس بچے کے پاس گیند ہو، گیند پر سے پرچی اتار کر اس پر لکھا ہوا حرف جار بتائیں اور اس بچے کو اس پر مبنی جملہ بنانے کے لیے کہیں۔ اس طرح سے یہ سرگرمی باقی حروف جار پر مختلف بچوں سے کروائیں۔

**گھر کا کام:** (2 منٹ) جماعت میں کروایا گیا کام دہرائیں۔

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ: 1 | جماعت: پنجم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ: 4 | وقت: 40 | تاریخ: |
| پیریڈ: 6 | سبق کا نام: صحت مند ماحول، صحت مند زندگی | |

**مقاصد:** تصاویر دیکھ کر کہانی لکھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** تختۂ تحریر، بورڈ مارکر / چاک، کتاب "اردو پنجم"، کہانی کے فلیش کارڈ، سادہ شیٹیں

**تحریکی سرگرمی:** (10 منٹ)

- کمرہ جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں اور سب بچوں کو السلام علیکم کہیں۔ بچوں سے ان کی خیریت دریافت کریں۔
- اب بورڈ پر سوال نمبر 11 میں دی گئی تصویری کہانی کے فلیش کارڈ بورڈ پر چسپاں کریں۔ بچوں کو تصاویر کو غور سے دیکھنے اور جس ترتیب سے کہانی میں واقعات پیش آئے ہوں اسی ترتیب سے تصاویر کو دوبارہ بورڈ پر چسپاں کرنے کے لیے کہیں۔
- بچوں سے ان تصاویر سے متعلق مختلف سوالات بھی کریں اور ان کے جوابات کی حوصلہ افزائی کریں۔
- اب بچوں کے دو گروہ بنادیں اور انھیں اس تصویری کہانی کے فلیش کارڈ دیں۔ بچوں کو کارڈ کو درست ترتیب دینے اور تصویروں کو دیکھ کر باہم مل کر کہانی بنانے کے لیے کہیں۔
- بچوں کو کہانی کا کوئی اچھا سا عنوان اور اخلاقی سبق بھی تجویز کرنے کی ہدایت دیں۔ اس کے لیے انھیں مخصوص وقت دیں۔ مقررہ وقت کے بعد ہر گروہ کو اپنی بنائی ہوئی کہانی جماعت میں سنانے کے لیے کہیں۔ درست کہانی بنانے اور سنانے والے بچوں کو شاباش دیں۔
- بچوں کے دو گروہ بنادیں اور انھیں نیچے دی گئی تصویری کہانی کے کارڈ دیں۔ بچوں کو تصویروں کو غور سے دیکھ کر کہانی بنانے کے لیے کہیں۔ اس کے لیے انھیں مخصوص وقت دیں۔ مقررہ وقت کے بعد دونوں گروہوں سے ان کی بنائی ہوئی کہانی سنیں۔ درست کہانی بنانے اور سنانے والے بچوں کی حوصلہ افزائی کریں۔

**تدریسی طریقہ کار:** (20 منٹ)

- اب بچوں سے مختلف سوالات کریں۔ جیسے:

☆ ماحول کی صفائی سے کیا مراد ہے؟

☆ ہم اپنے اردگرد کے ماحول کو صاف ستھرا رکھ کر کن مسائل پر قابو پاسکتے ہیں؟

- بچوں کے جوابات کی حوصلہ افزائی کریں۔
- بچوں سے پوچھیں: کہانی لکھتے وقت کن اصولوں کو مدنظر رکھنا چاہیے؟ ان کے جوبات کی حوصلہ افزائی کریں۔

| |
|---|
| • اب بچوں کے دو گروہ بنا دیں اور ہر گروہ کا ایک لیڈر بھی مقرر کر دیں۔ انھیں تصویری کہانی کے فلیش کارڈ اور ساتھ سادہ شیٹیں دے دیں۔ بچوں کو تصویروں سے متعلق کہانی بنانے اور پھر اسے اپنے الفاظ میں لکھنے کے لیے کہیں۔ نیز اس کا اچھا سا عنوان اور اخلاقی سبق بھی لکھیں۔ اس کے لیے انھیں چند منٹ کا وقت دیں۔ بچوں کو ہدایت دیں کہ وہ کہانی لکھتے وقت آغاز اور انجام کو خیال رکھیں۔<br>• مقررہ وقت کے بعد دونوں گروہوں کے لیڈر کو بلا کر ان سے ان کی بنائی ہوئی کہانی جماعت میں دوسرے بچوں کو سنانے کے لیے کہیں۔ نیز ان کہانیوں کا عنوان اور اخلاقی سبق بھی پوچھیں۔ جس گروہ نے یہ سرگرمی درست طور پر کی ہو گی، انھیں بہترین لکھاری کے اعزازی کارڈ دیے جائیں گے۔<br>• اب موضوع سے متعلق کہانی بچوں کی مدد سے بورڈ پر لکھوائیں۔ بچوں سے اس کی بلند خوانی بھی کروائیں۔<br>• اب بچوں سے کہیں کہ وہ اپنی کاپیاں کھولیں اور موضوع سے متعلق کہانی لکھیں۔ کام کرنے کے دوران میں بچوں کا جائزہ لیتے رہیں اور جہاں مدد یا رہنمائی کی ضرورت ہو فراہم کریں۔ لکھائی کی صفائی اور املا کی درستی کے بارے میں بچوں کو واضح ہدایات دیں۔ |
| **اعادہ:** (3 منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کروائیں۔ غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔ |
| **جائزہ:** (5 منٹ) مختلف بچوں کو باری باری بلا کر ان سے موضوع سے متعلق کہانی بورڈ پر لکھوائیں۔ غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔ |
| **گھر کا کام:** (2 منٹ) جماعت میں کروایا گیا کام دہرائیں۔ |